# نوٹس برائے 26 واں سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ کیپٹل ایسٹس لیزنگ کارپوریشن لمیٹڈ، کا 26 واں سالانہ اجلاس عام بروز پیر مورخہ 29 اکتوبر 2018ء کو دوپہر 12:00 بجے، حاجی عبداللہ ہارون مسلم جم خانہ اولڈ لوبی، نزد شاہین کمپلیکس، کراچی میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد کیا جائے گا۔

۱- شیئر ہولڈرز کے پچیسواں سالانہ اجلاس عام کی کاروائی کی توثیق وتصدیق کرنا۔

۲- اجلاس میں پیش کیئے جانے والے کمپنی کے آڈیٹڈ اکاؤنٹس 30 جون 2018ء بشمول ڈائریکٹرز رپورٹ کو وصول کرنا، زیرِ غور لانا اور اپنانا۔

۳- مالی سال 30 جون 2019ء کے لیئے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے مشاہرے کا تعین اور موجودہ آڈیٹرز میسرز بیکر ٹِلی محمود، ادریس، چارٹڈ اکاؤنٹینٹس کا مستعفی ہوکر دوبارہ تقرری کے لیے پیش ہونا۔

۴- صدر اجلاس کی اجازت سے دیگر امور کی انجام دہی۔

کراچی: 08 اکتوبر 2018ء

حسب الحکم بورڈ

**شمائلہ صدیقی**

کمپنی سیکرٹری

## نوٹس:

۱- کمپنی کی منتقلی حصص کی کتاب 22 اکتوبر 2018ء تا 29 اکتوبر 2018ء (بشمول دونوں روز) بند رہیں گی۔ ہمارے شیئرز رجسٹرار، ایف۔ ڈی رجسٹرار سروسز ایس ایم سی (پرائیویٹ) لمیٹڈ 17 فلور، صائمہ ٹریڈ ٹاور۔ اے، آئی۔ آئی چندریگر روڈ۔ کراچی، کو 21 اکتوبر 2018ء امور کے بند ہونے تک موصول ہونے والے ٹرانسفرز بروقت جانے جائیں گے اور میٹنگ میں ووٹ کے اہل ہونگے۔

۲- کوئی بھی ممبر جو اجلاس عام میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا / کی حقدار ہے اور وہ اپنی جگہ شرکت کرنے / ووٹ دینے کے لئے کسی دوسرے ممبر کو بطور اپنا / اپنی پراکسی مقرر کرسکتا / کرسکتی ہے۔ پراکسیوں کے مؤثر ہونے کے لئے ضروری ہے کہ وہ اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل لازماً کمپنی کے رجسٹرڈ آفس 14 فلور چیپل پلازہ، حسرت موہانی روڈ، کراچی میں موصول ہوجائیں۔

۳- وہ شیئر ہولڈرز جنہوں نے اپنے شیئر سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ میں جمع کرائے ہوئے ہیں، انہیں اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصلی کمپیوٹرائز شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ ساتھ لانا ہوگا۔ اگر پراکسیز ایسے شیئر ہولڈر کی جانب سے جاری کی گئی ہو تو اس کے ساتھ مستفید ہونے والے کے CNIC یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقل ہمراہ ہونا ضروری ہے۔ اس کے علاوہ
(i) پراکسی کے فارم پر دو گواہوں کے دستخط ہونا لازمی ہیں، جن کے نام، پتہ اور CNIC نمبر فارم پر درج ہوں۔
(ii) پراکسی کے CNIC یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں، پراکسی فارم کے ہمراہ جمع کرانا لازمی ہے۔ اور (iii) اجلاس میں شرکت کے وقت پراکسی کو اپنا اصل شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ دکھانا ہوگا۔

۴- کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی اور نامزد کردہ شخص کا نمونہ دستخط اجلاس میں شرکت کے وقت پیش کرنا ہوگا (اگر وہ پہلے نہ دیا جاچکا ہو)۔ اگر کسی کارپوریٹ شیئر ہولڈرز کی جانب سے پراکسی کا تقرر نامہ جاری کیا جائے تو اس صورت میں اس کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی اور نامزد کردہ شخص کا نمونہ دستخط بھی جمع کرانا ہوگا۔

۵- وہ ممبرز جنہوں نے ابھی تک اپنے CNIC کی فوٹو کاپی جمع نہیں کرائی ہے، ان سے گزارش ہے کہ وہ یہ کاپی کمپنی کے شیئر رجسٹرار ایف۔ ڈی رجسٹرار سروسز ایس ایم سی (پرائیویٹ) لمیٹڈ 17 فلور، صائمہ ٹریڈ ٹاور۔ اے، آئی۔ آئی چندریگر روڈ۔ کراچی کو جلد از جلد بھجوا دیں۔

۶- شیئر ہولڈرز سے گزارش ہے کہ وہ اپنے پتہ میں کسی تبدیلی ہونے پر، اگر کوئی ہو، تو کمپنی کو فوری طور پر مطلع کریں۔

calcorp CAPITAL ASSETS LEASING CORPORATION LIMITED